تجربہ ہے! آخر جب شہر شہر گلی گلی خاندانی منصوبہ بندی کے سنٹر کام میں مشغول ہونگے صحافت و ثقافت کے تمام وسائل اس "صلائے عام" کیلئے وقف ہونگے، ادب اور سیاست کی سٹیج پر اس موضوع کے مذاکرات اور مباحثوں کا بازار گرم رہے گا اور قوم کا بدقسمت طبقہ اس پرجوش دعوت کی لذت آفرینیوں میں ڈوب جائے گا۔ تو یقیناً اس کا ظہور اس "ناجائز برآمد" کی صورت میں ہونے لگے گا۔ اب لازماً ایک ایسی پرورش گاہ بھی چاہیے جس میں ملک بھر کی یہ "حرام پیداوار" ٹھکانے لگ سکے تاکہ انہیں آگے چل کر مستقبل کے شریف پاکستانی شہریوں کے سانچہ میں ڈھالا جا سکے یہ سینٹر اس وجہ سے بھی ضروری ہے کہ جو ماں باپ اس ناجائز کھیپ کی درآمد کے ذمہ دار ہیں اس کے ذریعہ وہ تربیت اور معاشرتی ذمہ داریوں سے بھی سبکدوش ہوں کہ دوبارہ پوری یکسوئی سے فیملی پلاننگ کے مراکز کی رونق برقرار رکھ سکیں۔ اگر کونسل "ایسی پرورش گاہ" کی افادیت محسوس کرتی ہے تو چند اک مراکز سے کام نہ چلے گا۔ ضرورت ہے کہ ہر اس شارع عام اور آبادی میں ایسی پرورش گاہ قائم کی جائے جہاں خاندانی منصوبہ بندی کا سینٹر قائم ہو چکا ہو اسطرح ایک سے دوسرے کی رونق دوبالا ہوتی رہے گی اور پہلو بہ پہلو رہ کر برتھ کنٹرول کا کاروبار بھی خوب چمک اٹھے گا۔ سبحان اللہ! تاریخ پاکستان کا بدترین المیہ اور شرمناک باب۔ حلال پیداوار کو تو آنے سے پہلے روک دو اور حرام پیداوار کی کفالت و تربیت کیلئے پرورش گاہیں اور مراکز قائم کرو۔

عراق کے صدر عبدالسلام عارف کی شہادت عالم اسلام کے لئے عظیم المیہ ہے وہ عبقری شخصیتیں جو مسلمانوں کو یورپی استعمار اور سامراجی سازشوں سے بچانے میں اہم مقام رکھتی ہیں۔ یقیناً ان کی جدائی ملت اسلامیہ کی مشترکہ ضیاع اور خسران ہے۔

پچھلے ہفتہ ہمارے ملک کو جلالۃ الملک فیصل فرمانروائے سعودی عرب کی آمد کا شرف حاصل ہوا شاہ فیصل اس سرزمین کے والی ہیں جس سے ملت پاکستانیہ والہانہ محبت رکھتی ہے۔ جہاں سے اسلام کی روشنی پھیلی اور جہاں سے امن و سلامتی کا سچا درس دیا گیا۔ پھر جب شاہ فیصل "اتحاد عالم اسلامی" کا مشن لیکر آئیں تو لازماً انکی تشریف آوری پاکستان کیلئے بہت بڑی مسرت اور سعادت ہوگی۔ ہماری دعا ہے۔ کہ "اتحاد اسلامی" کی یہ کوششیں صحیح معنوں میں مسلمانوں کی عظمت رفتہ کی بحالی اور استبداد و استعمار کے تاریک عزائم کی ناکامی کا باعث ہوں۔ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے کہ عالم اسلام ایک بار پھر متحد ہو کر ہر استبداد اور سامراجیوں کیلئے بنیان مرصوص ثابت ہو۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

سمیع الحق